URDU COURSE (B) (CODE-303)

CLASS- IX

(2023 - 24)

اردو

کل نمبر:80 وقت:3 گھنٹے

**حصہ (الف) :عبارت فہمی اور شعر فہمی (Reading and Comprehension) 20**

☆ **دو غیر درسی اقتباسات (Unseen Passages)** (ایک نثری اور ایک شعری) دیے جائیں گے۔ دونوں اقتباسات پانچ پانچ نمبر کے ہوں گے۔ نثری اقتباس 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگا اور شعری اقتباس میں دو بند/ پانچ اشعار دیے جائیں گے۔ ہر اقتباس میں عبارت فہمی اور شعر فہمی سے متعلق ایک جواب والا ایک سوال، ایک جملہ پر مشتمل جواب والے دو سوال اور متبادل جواب والے دو سوال دیے جائیں گے۔ (1X5+1X5=10)

☆ **دو درسی اقتباسات (Seen Passages)** (ایک نثری اور ایک شعری) دیے جائیں گے۔ دونوں اقتباسات پانچ پانچ نمبر کے ہوں گے۔ نثری اقتباس 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگا اور شعری اقتباس میں دو بند/ پانچ اشعار دیے جائیں گے۔ ہر اقتباس میں عبارت فہمی اور شعر فہمی سے متعلق ایک جواب والا ایک سوال، ایک جملہ پر مشتمل جواب والے دو سوال اور متبادل جواب والے دو سوال دیے جائیں گے۔ (1X5+1X5=10)

**حصہ (ب): تحریری مہارت (Writing Skill) 25**

**مضمون نگاری:** 10

☆ 200 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھوایا جائے گا جو مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت دیا جاسکتا ہے۔

مذہبی تیوہار، قومی تیوہار، سفر کے حالات، پسندیدہ شخصیت، میرے والدین، یوم اساتذہ وغیرہ

(اساتذہ اسی طرح کا کوئی اور عنوان بھی تجویز کر سکتے ہیں)

**درخواست/خطوط نگاری:** 05

☆ درخواست: فیس معافی، سیکشن بدلنے، شادی میں شرکت وغیرہ

☆ خط: دوست، بھائی، والد وغیرہ کے نام

(اساتذہ اسی طرح کا کوئی اور عنوان بھی تجویز کر سکتے ہیں)

**درسی کتاب کے اسباق سے متعلق نوٹ:** 10

☆ درسی کتاب میں دیے گئے نثری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، مصنفین (ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈپٹی نذیر احمد) کے حالات زندگی، طرز تحریر، کہانی کے کردار وغیرہ میں سے دو عنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (5X1=5)

☆ درسی کتاب میں دیے گئے شعری اسباق کا خلاصہ، مرکزی خیال، مقاصد، پیغام، شعرا (تلوک چند محروم، کبیر) کے حالات زندگی وغیرہ میں سے دو عنوان دے کر کسی ایک پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھوایا جائے گا۔ (5X1=5)

حصہ (ج): عملی قواعد (Grammar) 20

☆ اسم، ضمیر، واحد وجمع، متضاد ومترادف الفاظ، سابقہ ولاحقہ، مذکر ومونث، تشبیہ وغیرہ سے متعلق دو دو نمبر کے آٹھ سوالات کیے جائیں گے۔ (2X8=16)

☆ محاورے اور کہاوتوں کا جملوں میں استعمال۔ (1X4=4)

حصہ (د): ادب (Literature) 15

نثری حصہ:۔ 08

☆ درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

☆ دو دو نمبر کے تین سوال (2X3=6)

☆ ایک ایک نمبر کے دو سوال (1X2=2)

شعری حصہ:۔ 07

☆ درسی کتاب میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھوائے جائیں گے۔ یہ سوال اقدار پر بھی مبنی ہو سکتے ہیں۔ نمبرات کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

☆ دو دو نمبر کے دو سوال (2X2=4)

☆ ایک ایک نمبر تین سوال (1X3=3)

**نصاب:**

**درسی کتاب:**

**''جان پہچان'' حصہ 4 (نویں جماعت کے لیے)**

نوٹ: مندرجہ ذیل اسباق نصاب سے خارج ہیں:

(۱) اوس (انشائیہ) خواجہ حسن نظامی

(۲) جنگل کی زندگی (مضمون) ادارہ

(۳) بانسری والا (ڈراما) ترجمہ

(۴) ریڈ کراس سوسائٹی (مضمون) ماخوذ

(۵) چھٹی کا دن (نظم) حامد حسن قادری

(۶) گاؤں پنچایت (مضمون) ماخوذ

**''دور پاس''**

نوٹ: مندرجہ ذیل اسباق نصاب سے خارج ہیں:

(۱) عقل مند ہنس

(۲) ہمارا قومی کھیل

(۳) بات سے بات

(۴) بے وقوف کہیں کے

(۵) بہار کی دوپہر

**''اردو قواعد اور انشاء''** (ثانوی اور اعلیٰ ثانوی درجات کے لیے)